## سوال نمبر 1:

# عقیدۂ توحید اسلام کا بنیادی عقیدہ اور اس کے انسانی زندگی پر اثرات اور اہمیت:

## 1۔ تعارف:

توحید، اسلامی عقیدے کا بنیادی اصول، انسان کی زندگی کے ہر پہلو پر گہرے اثرات مرتب کرتی ہے۔ یہ عقیدہ تمام عقائد کا نقطۂ کمال ہے۔ جس کا مطلب اللہ کی واحدنیت، قدرت اور حاکمیت کا اقرار ہے۔ جو انسان کے فکری، روحانی اور عملی نظام کو مکمل طور پر بدل دیتا ہے۔ تمام انبیائے کرام نے ساری زندگی اسی عقیدہ کی تبلیغ کی اور اس تبلیغ کے نتیجے میں انھیں بے پناہ مشکلات و آلام کا سامنا بھی کرنا پڑا۔ توحید انسان کو اللہ کی عبادت، اطاعت اور محبت کا درس دیتی ہے۔ جس سے اخلاقی بلندی، عدل اور مساوات کو فروغ ملتا ہے۔ توحید کا پیغام انسان کو دنیاوی اور آخرت کی کامیابی کیلئے اللہ کے احکام کی پیروی کا راستہ دکھاتا ہے، جو انفرادی اور اجتماعی فلاح کا ضامن ہے۔

Impacts ????

## 2۔ توحید کے معنی:

خدا کی ظاہری اور باطنی وحدانیت

کو اسلام میں لفظ "التوحید" سے بیان کیا گیا ہے۔
جو کہ "وحد" سے ماخوذ ہے۔
توحید سے معنی
الٰہ اور لا الٰہ اللہ سے لیے
گئے ہیں۔
اسلامی عقیدہ میں الٰہ سے مراد اللہ ہے
اور لا الٰہ اللہ سے مراد اللہ (خدا) کے
سوا کوئی معبود (خدا) نہیں
اس کا مطلب ہے کہ کسی سے پناہ مانگنا یا
کسی کے ساتھ محبت کا تعلق قائم کر کے امن اور
ذہنی سکون حاصل کرنا۔

## توحید کے لغوی معنی:

توحید کے لغوی معنی ہیں
"مکمل اطاعت کے ساتھ اللہ سے محبت
کرنا"

امام الغزالی کا کہنا ہے کہ،
"اللہ ہی خدا کا اسم ہے جو خدا نے
اپنے لیے پسند کیا"

پس عقیدۂ توحید وہ عقیدہ ہے جس میں
اللہ کو ایک معبود ماننا اور اسی کی عبادت
کرنا ہے۔ پوری کائنات میں اللہ کے سوا کوئی
معبود نہیں

## 3- توحید کی اقسام

### توحید فی الذات
اللہ صرف اور صرف ایک ہے۔ اس کا کوئی خاندان نہیں۔

### توحید فی الصفات
رب کریم کی تمام صفات اسی کی ہے۔ وہ کسی اور میں موجود نہیں

### توحید فی الافعال
وہ پیدا کرتا ہے۔ وہ زندہ کرتا ہے انسانوں کو اور مار دیتا ہے۔ سب افعال اللہ کے ہی ہیں۔ اس میں کوئی شریک نہیں

•

Importance????

## 4: انسانی زندگی میں عقیدہ توحید کی اہمیت:-

توحید اسلامی تعلیمات کی بنیاد اور انسان کی انفرادی و اجتماعی زندگی کے لیے راہنما اصول ہے۔ اس کی اہمیت قرآن و حدیث میں بار بار بیان کی گئی ہے۔ درج ذیل نکات اس کی وضاحت کرتے ہیں۔

CamScanner

## توحید اللہ کی حاکمیت:

عقیدۂ توحید اللہ کی مکمل حاکمیت کی واضح دلیل پیش کرتی ہے جیسے کہ قرآن میں ارشاد فرمایا:

قُلْ ھُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ - اَللّٰہُ الصَّمَدُ - لَمْ یَلِدْ وَلَمْ یُوْلَدْ - وَلَمْ یَکُنْ لَّہٗ کُفُوًا اَحَدٌ

ترجمہ:-
"اے نبی آپ فرما دیجیے: اللہ ایک ہے - اللہ بے نیاز ہے نہ کوئی اس سے پیدا ہوا اور نہ ہی وہ کسی سے - اور نہ ہی اس کا کوئی ہم سر ہے" (سورۃ اخلاص)

یہ آیات اللہ کی وحدانیت اور ہر مخلوق کے اس پر انحصار کی وضاحت کرتی ہے
جیسے کہ ایک حدیث میں حضرت محمدؐ نے فرمایا۔

حدیث: افضل الذکر لا الہ الا اللہ ۔

ترجمہ: بے شک سب سے افضل ذکر لا الہ الا اللہ ہے ۔ (جامع الترمذی)
جو توحید کی افضل بنیاد ہے

## توحید اور اخلاص عبادت:

اللہ تعالیٰ نے انسانی عبادت

کے لیے انسانوں اور جنوں کو پیدا کیا۔ اس کے بارے میں قرآنی آیت درج ذیل ہے۔

ترجمہ: "اللہ نے انسان اور جن کو اپنی عبادت کیلئے پیدا کیا"

(سورۃ الذاریات)

اس کے بارے میں حضرت محمدؐ نے ارشاد فرمایا کہ

ترجمہ: جو شخص خالص دل سے لا الہ الا اللہ کہے، وہ جنت میں داخل ہو۔

(صحیح بخاری)

توحید کا مرکزی مقصد اللہ تعالیٰ کو ایک معبود ماننا اور اسکی عبادت کرتا ہے۔

## توحید اور اخلاقی تربیت:

انسان کی اخلاقی تربیت بھی توحید کی تعلیمات میں شامل ہے۔ قرآن مجید میں ارشاد ہے:

"ولا تشرکوا بہ شیئاً و بالوالدین احسانا"

ترجمہ: "اور اس کے ساتھ کسی کو شریک نہ ٹھہراؤ اور ماں باپ سے اچھا سلوک کرو۔"

(سورۃ النسا)

اس آیت میں اللہ نے شرک سے منع کیا اور والدین کے ساتھ حسن سلوک کی تلقین کی ہے جو توحید کی تعلیم کا حصہ ہے۔

رسول ﷺ نے فرمایا:

ترجمہ: "بے شک اللہ نے احسان کو ہر کام میں افضل اور لازم قرار دیا۔"

(صحیح مسلم)

یعنی اللہ نے ہر کام میں احسان کا رویہ لازم قرار دیا جو توحید کے ذریعے انسان کے اخلاق کو بلند کرتا ہے۔

## 5: اسلامی عقیدۂ توحید کی انسانی زندگی پر اثرات:

توحید، اسلامی عقیدے کا مرکزی اصول، انسانی زندگی پر گہرے اور ہمہ جہت اثرات مرتب کرتا ہے۔ یہ نہ صرف روحانی سکون کا ذریعہ بنتا ہے بلکہ انفرادی اور اجتماعی زندگی کی تعمیر میں بھی بنیادی کردار ادا کرتا ہے۔

### روحانی سکون اور اطمینان:

توحید پر ایمان رکھنے سے انسان کو روحانی سکون اور اطمینانِ قلب

حاصل ہوتا ہے وہ صرف اللہ کی رضا میں راضی رہتا ہے۔ اور ہر کام میں اللہ کی حکمت پر یقین رکھتا ہے اس بات کا ثبوت قرآن مجید کی آیت میں موجود ہے جو کہ یہ ہے

ترجمہ: "جو لوگ ایمان لائے ہیں اور جن کے دل یادِ خدا سے آرام پاتے ہیں (ان کو) اور سن رکھو کہ خدا کی یاد سے دل آرام پاتے ہیں۔"

(سورۃ الرعد)

اللہ کی یاد اور توحید پر ایمان انسان کے دل کو سکون بخشتا ہے۔ توحید انسان کو دنیاوی مسائل کے باوجود اللہ پر بھروسہ اور آخرت کی امید سے حوصلہ دیتی ہے۔

## اخلاقی تربیت اور کردار سازی:

عقیدۂ توحید پر یقین رکھنے اور عمل کرنے انسان کی اخلاقی تربیت اور کردار سازی مختلف ہوتی ہے۔ اور انسان دوسروں کے ساتھ حسنِ سلوک کا رویہ اپناتا ہے۔ جیسے کہ رسول ﷺ نے حدیث میں ارشاد فرمایا:

ترجمہ: "توحید انسان کو بہترین اخلاقی اقدار اپنانے کا درس دیتی ہے۔"

(مسند احمد)

## انسانی مساوات اور عدل کا فروغ:

توحید ابنائے آدم کو مساوات اور عدل کے نظام کا درس دیتی ہے کہ خدا ایک ہے۔ اسی ایک خدا نے آدم کو پیدا کیا۔ ہم سب بحیثیت انسان مساوی ہیں۔ کسی بھی وجہ سے دوسرے انسانوں پر برتری نہیں۔ بقول قرآن:

ترجمہ: "اے لوگو! ہم نے تمہیں ایک مرد اور ایک عورت سے پیدا کیا اور تمہیں قومیں اور قبیلے بنایا تاکہ تم آپس میں پہچان رکھو۔"
(سورۃ الحجرات)

ایک اور جگہ پر ارشاد فرمایا:

ترجمہ: "بے شک مسلمان آپس میں بھائی بھائی ہیں۔ سو اپنے بھائیوں میں صلح کرا دو۔"
(سورۃ الحجرات)

توحید انسانوں کو برابر سمجھنے اور انصاف کے اصولوں کو اپنانے کی تعلیم دیتی ہے۔

## خود احتسابی اور ذمہ داری کا شعور:

توحید انسان کو اس بات

کا درس دیتی ہے کہ ہر عمل کا حساب ہوگا۔ اور
نیک اعمال کی ترغیب دیتی ہے جو معاشرتی اصلاح
کا سبب بنتی ہے۔۔
سورۃ النساء میں اس کے بارے میں فرمایا گیا
ہے کہ۔

ترجمہ: "جو کوئی برائی کرے گا۔ اسے اس
کا بدلہ دیا جائے گا۔"
(سورۃ النساء)

## 6: حاصلِ کلام:

توحید اسلامی عقیدے کا مرکزی
ستون، انسانی زندگی کا مقصد، سکون اور رہنمائی
فراہم کرتا ہے۔ یہ عقیدہ انسان کو اللہ کی وحدانیت
کا شعور دے کر خود احتسابی اور نیک اعمال کی ترغیب
دیتی ہے۔ توحید اخلاقی بلندی، عدل اور مساوات
کو فروغ دے کر ایک پرامن اور متوازن معاشرے کی
تشکیل کا ذریعہ بنتی ہے۔ یہ انسان کو ریاکاری اور
دنیاوی حرص سے آزاد کر کے خالص عبادت کی
طرف راغب کرتی ہے۔ یہ انسان کو آخرت کی کامیابی
اور دنیاوی زندگی کی مشکلات کا سامنا کرنے کا حوصلہ
عطا کرتی ہے۔ اللہ کی وحدانیت پر ایمان انسان کو انفرادی
اور اجتماعی فلاح و بہبود کی طرف گامزن کرتا ہے۔ یوں
توحید انسانی زندگی کے ہر پہلو پر گہرا اثر ڈالتی ہے۔ اور
بہترین معاشرتی نظام کی بنیاد رکھتی ہے۔

## سوال نمبر ۲:

# حضرت محمد ﷺ انفرادی طور پر بہترین نمونہ:

## ۱. تعارف:

حضرت محمد ﷺ تمام انسانیت کیلئے کامل نمونہ ہیں۔ جو انفرادی طور پر زندگی کے ہر پہلو میں اعلیٰ ترین کردار اور صفات کے حامل ہیں۔ آپ ﷺ کی زندگی توحید، اخلاق، عدل، اور انسان دوستی کا عملی مظہر ہے۔ انفرادی طور پر، آپ ﷺ نے عبادات، معاملات، اور اخلاقیات میں مثالی رہنمائی فراہم کی۔ قرآن نے آپ ﷺ کو اسوۃ الحسنۃ قرار دیا۔ یعنی بہترین نمونہ۔ جو ہر دور کے انسان کیلئے مشعل راہ ہیں۔ آپ ﷺ کی سادگی، دیانت داری، صبر اور مہربانی نے انفرادی زندگی کو بامقصد اور پر امن بنانے کا عملی طریقہ دکھایا۔ آپ ﷺ نے لوگوں کو خود احتساب، خلوص، اور محبت کے ساتھ زندگی گزارنے کا درس دیا جو انفرادی اصلاح کی بنیاد ہے۔ اس لیے آپ ﷺ کی زندگی ہر مسلمان کیلئے ایک کامل نمونہ ہے۔ جس پر عمل کرکے دنیا و آخرت میں کامیابی حاصل کی جا سکتی ہے۔

## ۲: قرآنی آیات کی روشنی میں

رسول اللہ تعالیٰ کی

طرف انسانوں کیلئے نائب بن کر آئے۔ آپؐ انسانوں کے دکھ درد میں شریک ہوئے۔ ان کی تعلیم و تربیت کا بندوبست کیا اور تزکیہ نفس کا راستہ ہموار کیا۔

آپؐ اللہ کے آخری رسول ہیں۔ ایک طرف آپؐ کا تعلق اللہ تعالیٰ سے بہت مضبوط تھا تو دوسری طرف انسانوں کی راہنمائی کیلئے بھی آپؐ نے ان گنت امور سرانجام دیے۔ آپؐ کی اس حیثیت کو قرآن کریم میں یوں بیان کیا گیا ہے۔

ترجمہ:
"یہ اللہ کی بڑی رحمت ہے کہ تم ان کے لیے نرم ہو۔ اگر آپ تند خو اور سخت دل ہوتے تو یہ لوگ آپؐ کے پاس سے بھاگ جاتے۔"
(آل عمران)

درج ذیل میں آپؐ کی انفرادی زندگی کے مختلف پہلوؤں کی وضاحت کی گئی ہے:

## ۱۔ قرآن میں حضرت محمدؐ کی شخصیت کا تذکرہ:

قرآن مجید نے متعدد مقامات پر آپؐ کی زندگی کو بہترین نمونہ قرار دیا ہے:

"لقد کان لکم فی رسول اللہ اسوۃ حسنۃ

لمن کان ........ اللہ کثیرا"۔

ترجمہ: "بے شک تمہارے رسول کی زندگی بہترین نمونہ ہے، اس کیلئے جو اللہ اور قیامت کے دن کی امید رکھتا ہے اور اللہ کو کثرت سے یاد کرتا ہے"۔

(سورۃ الاحزاب)

یہ آیت اس بات کی تصدیق کرتی ہے کہ آپؐ کی زندگی ہر پہلو میں رہنمائی فراہم کرتی ہے

## (ii) حضرت محمدؐ کی عبادات میں مثالی رہنمائی:

آپؐ کی انفرادی عبادات کا طریقہ خلوص، خشوع اور استقامت پر مبنی ہے۔ قرآن میں ارشاد ہوتا ہے:

ترجمہ:- "اے کپڑا اوڑھنے والے! رات کو قیام کرو مگر تھوڑی دیر کیلئے" (سورۃ المزمل)

یہ آیت اس میں آپؐ کی عبادات کی گہرائی اور اللہ سے قربت کو ظاہر کرتی ہے۔

حدیث میں ارشاد ہوتا ہے:

ترجمہ: "اللہ کے نزدیک سب سے محبوب عمل وہ ہے جو مسلسل کیا جائے، چاہے تھوڑا ہی کیوں نہ ہو۔"
(صحیح بخاری)

اس حدیث میں آپؐ کی عبادت میں استقامت کا ذکر نمایاں ہے۔

## (iii) اخلاقیات میں مثالی نمونہ:

آپؐ کے اخلاقیات سب کے لیے مشعل راہ ہیں۔ جیسے کہ سورۃ القلم میں ارشاد ہوتا ہے کہ

ترجمہ: "اور بے شک آپؐ اخلاق کے اعلیٰ درجے پر فائز ہیں۔"
(سورۃ القلم)

اسی طرح حدیث میں بیان کیا گیا ہے:

ترجمہ: "میں تو صرف اس لیے بھیجا گیا ہوں کہ اخلاق کے اعلیٰ درجے کو مکمل کروں۔"

CamScanner

## (۱۷) صبر اور استقامت کی تعلیم:

آپ نے الوادی

سطح پر صبر اور مشکلات کا سامنا کرنے کی بہترین مثال پیش کی۔

قرآنی آیت کا ترجمہ:

"اور صبر کریں، اور آپ کا صبر اللہ کی مدد سے ہے"

(سورۃ النحل)

حدیث کا ترجمہ:

"مومن کے معاملے پر تعجب ہے۔ اس کے تمام کاموں میں بھلائی ہے"

(صحیح مسلم)

## (۷) دیانت داری اور امانت داری:

آپ ﷺ کی زندگی میں دیانت داری اور امانت داری نمایاں ہے۔ قرآن مجید میں اس بارے میں ارشاد ہوتا ہے کہ

ترجمہ:- "بے شک اللہ تمہیں حکم دیتا ہے کہ امانتیں ان کے حق داروں کو پہنچاؤ۔"

(سورۃ النساء)

صحیح بخاری سے حدیث روایت ہے کہ:

ترجمہ:- "منافق کی تین نشانیاں ہیں:
جب بات کرے تو جھوٹ بولے،
وعدہ کرے تو خلاف ورزی کرے،
اور امانت میں خیانت کرے۔"

3:

## خلاصہ بحث:-

حضرت محمد ﷺ کی زندگی انفرادی طور پر ہر مسلمان کیلئے مثالی نمونہ ہے۔ آپ ﷺ کی عبادات، اخلاقیات، صبر، دیانت داری اور خدمت خلق کے اوصاف ہر انسان کو دنیاوی اور اخروی کامیابی کا راستہ دکھاتے ہیں۔ آپ ﷺ کی شخصیت قرآن و حدیث کی روشنی میں انفرادی اصلاح اور معاشرتی ترقی کیلئے بہترین نمونہ ہے۔ ان کی تعلیمات پر عمل پیرا ہو کر انسان اپنی زندگی کو بامقصد اور پرامن بنا سکتا ہے۔